سائنسی کوئز

طبعیات، کیمیات، حیاتیات، نباتات

عزیز احمد ہاشمی، پربھنی

سوال نمبر1- انسان کے ذریعے تیار کردہ مشین جو کسی سیارے کے گرد گردش کرتی ہے، اس کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) مصنوعی سیارچہ (ب) ستارہ (ج) دمدار سیارہ

سوال نمبر2- کونسی خاص دھات بچوں کی دماغی نشو نما بری طرح متاثر کرتی ہے اور دماغ کو کمزور کرتی ہے؟

(الف) پارہ (ب) سیسہ (ج) لوہا

سوال نمبر3- سی جی ایس طبعی نظام میں طاقت کی اکائی کیا ہے؟

(الف) ارگ فی سیکنڈ (ب) جولے فی سیکنڈ (ج) وولٹ فی سیکنڈ

سوال نمبر4- امونیم سلفیٹ کیا ہے؟

(الف) جراثیم کش (ب) گھاس کو ختم کرنے والا جزو (ج) فرٹی لائزر

سوال نمبر5- سمندری علاقے کی تہہ میں جسے پرمووداٹریٹنگل کہا جاتا ہے، کون سی گیس پائی جاتی ہے؟

(الف) میتھین (ب) ہائیڈروجن (ج) کاربن

سوال نمبر6- سب سے بڑے ریچھ کوڈانگ کا وزن کتنے کلو ہوتا ہے؟

(الف) 650 کلوگرام (ب) 100 کلوگرام (ج) 780 کلوگرام

سوال نمبر7- دنیا کا سب سے اونچا لمبا کتا کون سا ہوتا ہے؟

(الف) آئرش ہاؤنڈ (ب) افغان ہاؤنڈ (ج) گیگ کتا

سوال نمبر8- ایک انگریز سائنسداں جس نے اسمال پاکس (چیچک) کا ٹیکہ سازی کس نے کی ہے؟

(الف) اڈورڈ جینیر (ب) جان ہنٹر (ج) ولیم اسلر

سوال نمبر9- کون سا جاندار آسٹریلیا کا ہے کہ رات میں درختوں پر رہتا ہے اور یوکلپٹس کے پتے کھاتا ہے؟

(الف) پانڈا (ب) کولاس (ج) چیتا

سوال نمبر10- انسانی پھیپھڑے خاکستری رنگ کے ہوتے اور ساخت میں کیسے ہوتے ہیں؟

(الف) سخت خول (ب) نرم چکنے (ج) اسفنجی

سوال نمبر11- کونسی کیمیائی شے پیری فیرل لمفوسائٹس کی افزائش کی صلاحیت ختم کرتی ہے؟

(الف) آرسینک (ب) تانبہ (ج) سونا

سوال نمبر12- افغانستان میں جھیل بندے امر کے اطراف کون سا گوشت خور حیوان پایا جاتا ہے؟

(الف) سور (ب) لکڑ بھگا (ج) کتا

سوال نمبر13- ڈبل روٹی کے بناتے وقت کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کے اخراج سے روٹی میں باریک سوراخ ہوتے ہیں یہ کون سے

خامرے کا اثر ہے؟

(الف)بکٹیریا (ب)پروٹوزوم (ج) yeast

سوال نمبر14-سطح سمندر کے نیچے پہنچنے کے لئے گہرائی معلوم کرنے کے لئے سب سے پہلا آلہ کون سا ہے؟

(الف)غواصی آلہ (ب)زیر آب آبدوز (ج)ہیلمٹ

سوال نمبر15- 1999 میں WHO سروے کے مطابق گھانا میں 6500 مریض کونسی بیماری کے پائے گئے؟

(الف)برولی السر (ب)سرطان (ج)دق

سوال نمبر16- 1783 میں پہلا ہوائی بگے کی نمائش کون سے سائنسدان نے کی تھی؟

(الف)Montgolfier (ب)نیوٹن (ج)ایڈیسن

سوال نمبر17- ہوائی بگا Ballon میں کون سی گیس بھری جاتی ہے؟

(الف)کاربن (ب)آکسیجن (ج)ہائیڈروجن یا ہیلیم

سوال نمبر18-کون سے ہارمونس کی کمی سے ذیابیطس کا مرض پیدا ہوتا ہے؟

(الف)تھائرکسن (ب)انسولین (ج)ہیموگلوبین

سوال نمبر19-پروٹین سے جسم کو حرارت اور کیا ملتی ہے؟

(الف)توانائی (ب)طاقت (ج)غذائیت

سوال نمبر20- Phoenix نامی پودا کھانے کے پھل پیدا کرتا ہے، اس کو کیا کہتے ہیں؟

(الف)ساگو پام (ب)بوتل پام (ج)ڈیٹ پام

سوال نمبر21-سورج، چاند اور ستاروں کے راستے سے آسمان کی ایک رنگین سی پٹی ہوتی ہے، اس کو کیا کہتے ہیں؟

(الف)منطقۃ البروج (ب)کہکشاں (ج)بروج

سوال نمبر22-انسانی بچے کی پیدائش کے ابتدائی 3 تا 5 دنوں میں عورت کی چھاتی سے مخصوص دودھ کا افراز ہوتا ہے، اس کو کیا کہتے ہیں؟

(الف)کولسٹرم (ب)گھی (ج)پروٹین

سوال نمبر23-روشنی کے ہم طیف کو کون سے آلہ سے ناپتے ہیں؟

(الف)وولٹ میٹر (ب)نینومیٹر (ج)امیٹر

سوال نمبر24-جینین تھیراپی کیا ہے؟

(الف)سرطان کا علاج (ب)ڈی این اے کا علاج (ج)جینین سے متاثر کا علاج

سوال نمبر25-کس توانائی کی یہ خاصیت ہے کہ جب یہ کسی جسم سے ٹکراتی ہے تو اسی زاویے میں واپس مڑ جاتی ہے، جس زاویے سے یہ ٹکراتی ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف)مقناطیسی رو (ب)حرارت (ج)روشنی

سوال نمبر26-سکہ ڈھالے جانے والی دھاتیں کونسی ہے؟

(الف)تانبہ، چاندی، سونا (ب)چاندی سونا (ج)لوہا چاندی

سوال نمبر27-دنیا میں سب سے کھارا پانی کا سمندر کہاں پایا جاتا ہے؟

(الف)بنگال کی کھاڑی (ب)بحرہند (ج)ڈیڈ سمندر یا مردہ سمندر

سوال نمبر28-ایٹم کا مرکزی ذرہ جو مثبت خاصیت رکھتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟

(الف)پروٹون (ب)نیوٹران (ج)الیکٹران

سوال نمبر29-انسانی جینین کے آسان سے پیچیدہ مختلف مراحل کا تصور سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟

(الف)ولف Wult (ب)ڈارون (ج)ارسطو

سوال نمبر30 آرڈر تھائی (حشرات الارض میں) سے نیورا سے تعلق رکھنے والے کیڑے عرف عام میں کیا کہلاتے ہیں؟

(الف)ڈاگ فش (ب)سلورفش (ج)وہیل فش

جوابات کے لئے دیکھیں صفحہ 18 پر

بقیہ اینستھیسیا صفحہ 48 کا

اس حیرت انگیز تجربے کے بعد ایک بار Tetanus کا ایک مریض اسپتال لایا گیا۔ Tetanus کے مرض میں جبڑے بند ہو جاتے ہیں اور سارے جسم میں تشنج ہونے لگتا ہے۔ یہ مرض مٹی میں موجود ایک قسم کے جراثیم سے پیدا ہوتا ہے۔ اسی لئے ڈاکٹرز زمین پر گر جانے سے زخم لگ جانے کی صورت میں Anti tetanus کا انجکشن لگاتے ہیں۔ اس مرض کا فوری طور پر علاج نہ کیا جائے تو مریض 7-6 دن میں مر جاتا ہے۔ ابھی تک اس مرض کی کوئی یقینی دوا ایجاد نہیں ہوئی ہے۔ اتفاق کی بات ہے کہ جس مریض کو Hospital میں لایا گیا تھا، اس میں مرض کی شروعات ہوئی تھی۔ ڈاکٹر جانتے تھے کہ اس مرض کا علاج اور کوئی موزوں دوا نہیں ہے، اس لئے تجربے کے طور پر ڈاکٹروں نے اس کو Anesthesia کے ذریعے بے ہوش کر دیا۔ دماغ کی بے ہوشی کے باعث اس کے جسم کا حیاتیاتی عمل رک گیا۔ ڈاکٹر ایک ہفتے تک اس کو Anesthesia دیتے رہے۔ اس عرصے میں اس کے جسم میں داخل ہونے والے Tetanus کے جراثیم مر گئے اور ایک ہفتے بعد مریض پوری طرح صحت یاب ہو گیا۔ ان تجربات سے ثابت ہو گیا کہ دماغ کی بے ہوشی کے دوران جسم کے ہر قسم کے خلیے بے ہوش ہو جاتے ہیں، یا سو جاتے ہیں اور تعجب یہ کہ خلیے آکسیجن نہ ملنے پر بھی نہیں مرتے۔

Anesthesia کی یہ خوبی دیکھ کر اب میڈیکل Scientist کچھ ایسے تجربات بھی کر رہے ہیں جن کے کامیاب ہو جانے پر امراض اور موت کے بہت سے عمل بول سکتے ہیں۔ مثلاً یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ ایک انسان

کی دو موتیں ہوتی ہیں۔ پہلی موت اس وقت ہوتی ہے جب اس کی دھڑکن رک جاتی ہے، نبض خاموش ہو جاتی ہے اور دوران خون رک جاتا ہے، اس موت کو طبی اصطلاح میں طبی موت کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد جسم کے تمام اندرونی نظام رک جاتا ہے، لیکن دماغ یعنی اعصابی خلیے 8-7 منٹ تک زندہ رہتے ہیں۔ اس دوران میں یہ کہئے کہ جب تک آکسیجن ان کو ملتی ہے وہ زندہ رہتے ہیں، اس دوران میں اگر مرنے والے کے دل کو مصنوعی طور پر چلایا جائے تو وہ پھر زندہ ہو جاتا ہے، لیکن 7-8 منٹ تک خلیوں کو آکسیجن نہ ملے تو وہ ٹوٹنے لگتے ہیں اور مریض کی دوسری موت واقع ہو جاتی ہے، جسے جسمانی موت کہتے ہیں۔

اب ڈاکٹر یہ سوچ رہے ہیں کہ طبی موت کے بعد باقی خلیوں کو ٹوٹنے سے روکنے کا کوئی طریقہ دریافت کر لیا جائے اور یہ مدت 8-7 منٹ کے بجائے آدھا پون گھنٹہ کر دی جائے تو مریض کو طبی موت کے بعد بھی زندگی کی طرف واپس لایا جا سکتا ہے۔ اگر سائنسداں اس طرح کے تجربات کر کے اعصابی خلیوں کو زندہ رکھنے کا کوئی طریقہ نکال سکیں تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس کوشش سے کتنے انسانوں کی زندگیاں بچائی جا سکتی ہیں۔

انہیں سائنسی تجربات کو نظر میں رکھتے ہوئے ایک روسی سائنس داں نے کہا تھا کہ مستقبل قریب میں موت ایک فیصلہ نہیں رہے گی بلکہ ایک مرض کا درجہ لے لے گی، جس کا علاج ممکن ہوگا۔

□□□